© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ **حافظ محمد اسماعیل قمر مرحوم**

بستی مولویان ضلع رحیم یار خان میں مجلس احرارِ اسلام کے قدیم معاون جناب حافظ محمد اسماعیل قمر ۲۰؍ مارچ کو انتقال کر گئے۔ آپ کچھ عرصہ سے دل کے عارضہ میں مبتلا تھے۔ آپ کو حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے گھرانے سے عقیدت و احترام اپنے والد گرامی فدائے احرار مولانا قمر الدین احرار رحمہ اللہ سے ورثہ میں ملی۔ آپ ہمیشہ میزبان احرار رہے اور جماعت کی ترقی کے لیے کوشاں رہے۔ آپ کا جنازہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ امیر مرکزیہ مجلس احرار اسلام پاکستان نے پڑھایا جب کہ سید محمد کفیل بخاری صاحب نے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ ضلع بھر کے احرار کارکن اور علاقہ بھر سے آئے ہوئے ایک جمِ غفیر نے ان کے جنازے میں شرکت کی۔ تمام احرار کارکن ان کے لواحقین خصوصاً صوفی محمد اسحٰق صاحب، حافظ محمد طارق صاحب اور مرحوم کے فرزندان سے تعزیت مسنون و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

☆ ملتان میں ہمارے معاون خواجہ محمد عمر صاحب کے والد ۳؍ مارچ بروز جمعرات انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن ملک ظہور احمد کے چچا ملک محمد یوسف ۱۸؍ مارچ ۲۰۱۱ء بروز جمعۃ المبارک انتقال فرما گئے۔

☆ چیچہ وطنی میں جماعت کی ساتھ وابستہ نئے ساتھی شہزاد حسین کی والدہ ماجدہ ۲۶؍ فروری ۲۰۱۱ء کو انتقال فرما گئیں۔

احباب وقارئین سے تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت وایصالِ ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

## دعائے صحت

☆ ملتان میں ہمارے محسن ومہربان حکیم حافظ محمد طارق صاحب کے بہنوئی جناب محمد شریف صاحب شدید علیل ہیں۔

☆ مجلس احرار اسلام لیاقت پور کے امیر قاری ظہور رحیم عثمانی عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر محمد بشیر چغتائی طویل عرصہ سے صاحبِ فراش ہیں۔

☆ تحریک طلباء اسلام کے سابق ناظم اعلیٰ اور ہمارے رفیقِ فکر جناب پروفیسر محمد عباس نجمی گزشتہ چندماہ سے شدید علیل ہیں۔

احباب وقارئین سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com